سوال

(245)خشک نجاست نقصان دہ نہیں ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا خشک پشاب کپڑوں کو ناپاک نہیں کرتا یعنی مثلاً بچے نے زمین پر پشاب کر دیا اسے دھویا نہ گیا اور وہ زمین خشک ہو گئی اور پھر کوئی شخص آکر اس خشک پشاب پر بیٹھ گیا تو اس سے اس کے کپڑے ناپاک ہو جائیں گے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

خشک نجاست کے لمس سے جسم یا خشک کپڑے کو نقصان نہیں پہنچتا اسی طرح خشک حمام میں خشک ننگے پاؤں داخل ہونے میں بھی کوئی حرج نہیں کیونکہ نجاست تر ہونے کی صورت میں پھیلتی ہے !(شیخ ابن جبرین)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ : جلد1

صفحہ نمبر 265

محدث فتویٰ